© rasailojaraid.com

# الحق

هٰذه قصيدة حقانية جرى من القلم انتصار الحق الحق
جل مجده لعل كلمة منها يقع في معرض القبول ط

رشحات فکر مولانا قاضی عبدالسلام صاحب خلیفہ حضرت حکیم الامۃ مولانا تھانویؒ

★ حمد الحق تعالى عن محاكيه — ثم الصلوة على حق يدانيه

ثنا ہے اس حق تعالیٰ کی جو محاکات اور مشابہت سے بہت اونچا ہے۔ — پھر درود ہے اس حق پر جو (مخلوق میں سے) اس کے قریب ہے۔

★ حق المقال فكل الناس يعنيه — وكل من يبغ بالحق يرويه

بات جب حق ہوتی ہے تو تمام لوگ اس کو مقصد بنا لیتے ہیں۔ — اور جس شخص نے حق کو طلب کیا وہ حق اس کی پیاس کو بجھائیگا۔

★ للحق كان مطيعا عبده ابدا — من يسمع الحق يعرف حقه فيه

حق کا بندہ ہمیشہ حق کو قبول کرنے والا ہی رہا ہے۔ — جو کوئی حق کو قبول کرے گا وہ اپنا حق اس حق کے متعلق پہچان لے گا۔

★ وحق للحق ان يعلي معالمه — والحق يعلو مقال المصطفى فيه

اور حق ہے یہ حق کا کہ اس کے نشانوں کو اونچا کیا جائے۔ — اور حق اونچا ہی رہتا ہے یہ فرمان مصطفیٰ ہے حق کی شان میں۔

★ واذ فشا الكذب وانشبت مخالبه — في زي حق فحق الحق يزريه

اور جب جھوٹ عام ہو گیا اور مضبوط ہو گئے پنجے اس کے۔ — حق کے لباس میں تو حق کا حق اسکو عیب لگا کر چھوڑے گا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

★ دار الزمان وعز الحق في ظلمه
گھوم گیا زمانہ اور حق اندھیروں میں نایاب ہوگیا۔

وقل اعوانه من كان يدريه
اور کم ہوگئے اس کے امداد کرنے والے جو اس کو جانتے تھے۔

★ وصار صاحبه ضاقت معايشه
اور حق والا ایسا ہوگیا کہ اسکی زندگی کے علائق تنگ ہوگئے۔

كأنه جمرة قد حل في فيه
گویا یہ حق ایک چنگاری ہے جو اس کے منہ میں اتر گئی ہے۔

★ داء العناد احاط العقل غيهبه
عناد حق کی مرض ہے جسکی گھٹا نے عقل پہ احاطہ کیا ہے۔

وابطل الحس والادراك ناميه
اور حس و ادراک کو عناد کے قاضی نے باطل کیا ہے۔

★ والناس مرضى ولا يدرون داءهم
اور لوگ تو ایسے مریض ہیں جو اپنے مرض کو نہیں پہچانتے۔

فذون ذي الحق من يقدر يداويه
تو سوا حق والے کے کس کو قدرت ہے جو ان کی مرض کی دوا کرے۔

★ من ينصر الحق فالرحمن ينصره
جو کوئی حق کی امداد کرے رحمٰن پاک اسکی امداد فرمائے گا۔

ماشاء من فضله يعطيه يرضيه
جو چاہے اپنے فضل سے اسکو دے دیگا راضی فرمائے گا۔

★ يا قاض هذا عطاء من خزائنه
اے قاضی یہ حق کی امداد اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں سے ایک عطا ہے۔

من ناله فاز فليوفي امانيه
جو اس عطا کو پاگیا بامراد ہوگیا تو ضرور اپنی خواہشات پوری کرے۔

---

کراچی۔ کے ڈی اے کی نام تجویز کرنے والی کمیٹی نے ناظم آباد کی شاہراہوں اور سڑکوں کے لئے نام تجویز کئے ہیں۔ یہ نام جنگ آزادی اور جہاد حریت کے نامور اور ممتاز قائدین اور مشاہیر کے نام پہ رکھے گئے ہیں۔ ان سڑکوں اور گلیوں میں سے بعض کے نام یہ ہیں :۔ شارع قاسم نانوتویؒ۔ شارع حاجی امداد اللہؒ۔ شارع محمود الحسنؒ۔ شارع عبید اللہ سندھی۔ شارع رشید احمد گنگوہی۔ شارع اشرف علی تھانویؒ۔ شارع شاہ اسحٰق دہلویؒ۔ شارع رحمت اللہ کیرانویؒ۔ شارع فضل حق خیر آبادی۔ شارع سلیمان ندویؒ۔ شارع عبد الباری فرنگی محلی۔ شارع عطاء اللہ شاہ بخاریؒ — شارع عبد الرحیم سندھیؒ۔ شارع مولانا محمد علی جوہرؒ۔ شارع شوکت علیؒ۔ شارع ثناء اللہ امرتسری۔ شارع مولانا محمد صادقؒ۔ شارع حبیب الرحمان شیروانیؒ (روزنامہ جسارت کراچی ۵ مارچ ۱۹۸۰ء)

© rasailojaraid.com